ALCATEL onetouch®

Pixi4

6″ 3G Android

8050X

8050D

# فوری شروعات کا رہنما

ALCATEL ONETOUCH 8050X/8050D خریدنے کے ا آپ کا شکریہ۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اپنے اعلی معیار کے مواصلت کے تحربہ کا لطف اٹھائیں گے۔

اپنے فون کو استعمال کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم مکمل صارف کا رہنما ڈاؤن لوڈ کرنے کے واسطے www.alcatelonetouch.com پر جائیں۔ ویب سائٹ سے، آپ FAQ (اکثر پوچھے گئے سوالات) سے رجو ع، سافٹ ویئر اپ گریڈ وغیرہ کرسکتے ہیں۔

ALCATEL onetouch®

CJB1DY0ALCCA - انگریزی

# فہرست مضامین


**١ آپ کا آلہ ........ ٣**

١-١ ظاہری شکل ........ ٣

٢-١ ابتدا کرنا ........ ٦

٣-١ ہوم اسکرین ........ ٩

**٢ ٹیکسٹ ان پٹ ........ ١٢**

١-٢ آن اسکرین کی بورڈ استعمال کرنا ........ ١٢

٢-٢ متن میں ترمیم ........ ١٣

**٣ فون کال ........ ١٣**

١-٣ کال کرنا ........ ١٣

٢-٣ کال کا جواب دینا یا مسترد کرنا ........ ١٦

٣-٣ اپنی کال ہسٹری دیکھنا ........ ١٦

**٤ رابطے ........ ١٧**

١-٤ کوئی رابطہ شامل کرنا ........ ١٧

٢-٤ متعدد اکاؤنٹس میں رابطوں کی مطابقت پذیری کرنا ........ ١٧

**٥ پیغام رسانی ........ ١٧**

١-٥ پیغام لکھیں ........ ١٨

**٦ ای میل ........ ١٩**

**٧ مربوط ہونا ........ ٢٠**

١-٧ انٹرنیٹ سے جڑنا ........ ٢٠

٢-٧ کسی کمپیوٹر سے جڑنا ........ ٢١

٣-٧ آپکا فون کے موبائل ڈیٹا کنکشن اشتراک کرنا ........ ٢١

**٨ ترتیبات ........ ٢٢**

١-٨ آلہ ........ ٢٢

٢-٨ ذاتی ........ ٢٤

٣-٨ سسٹم ........ ٢٥

**تحفظ اور استعمال ........ ٢٦**

**عام معلومات ........ ٣٤**

**وارنٹی ........ ٣٦**

**خرابی دور کرنا ........ ٣٨**

www.sar-tick.com

یہ آلہ قابل اطلاق قومی SAR حدود 2.0 W/kg کی تعمیل کرتا ہے۔ SAR قدریں اس صارف کے رہنما کے صفحہ ۳۰ پر دیکھی جاسکتی ہیں۔ آلہ کو ساتھ میں رکھتے ہوئے یا اپنے جسم پر لگائے رکھ کر اسے استعمال کرتے ہوئے، RF ایکسپوژر کے تقاضوں کی تعمیل کرتے ہوئے یا تو منظور شدہ لوازمہ جیسے کہ ہولسٹر کا استعمال کریں یا پھر جسم سے ۰۱ ملی میٹر کی دوری برقرار رکھیں۔ یاد رکھیں کہ خواہ آپ اسے استعمال نہ بھی کررہے ہوں تو بھی پروڈکٹ ترسیل کررہا ہوتا ہے۔

سماعت میں ممکنہ خرابی سے بچنے کے لیے، طویل عرصہ تک ہائی والیوم سطح پر نہ سنیں۔ لاؤڈ اسپیکر زیر استعمال ہونے پر اپنے آلے کے اپنے کان کے پاس رکھتے ہوئے احتیاط برتیں۔

# ۱ آپ کا آلہ

## ۱-۱ ظاہری شکل



| نمبر | فنکشن |
|---|---|
| ١ | ہیڈسیٹ کنیکٹر |
| ٢ | مائکرو USB- کنیکٹر/ بیٹری چارج پورٹ |
| ٣ | لائٹ/قرابت سینسر |
| ۴ | فرنٹ فلیش |
| ٥ | رسیور |
| ٦ | سامنے والا کیمرا |
| ۷ | سم ١ |
| ٨ | سم ٢ |
| ٩ | واپسی کلید |
| ١٠ | ہوم کلید |
| ١١ | حالیہ کی |
| ١٢ | microSD کارڈ |
| ١٣ | والیوم زیادہ / کم |
| ١۴ | پاور کی |
| ١٥ | پیچھے کا کیمرا |
| ١٦ | ریئر فلیش |
| ١۷ | اسپیکر |

8050D میں سم ١ اور سم ٢ ہیں۔ 8050X میں صرف سم ١ ہے۔

## ۱-۲ ابتدا کرنا

### ۱-۲-۱ سیٹ اپ

**سم کارڈ داخل کرنا**

فون کالیں کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ اپنا SIM کارڈ داخل کریں۔ سم کارڈ ڈالنے یا نکالنے سے قبل اپنا فون بند کریں۔




فون کو بحفاظت اسکے فرنٹ کو نیچے کی طرف کئے ہوئے پکڑیں۔ اسکے بعد اسے کھولنے کے لئے سلاٹ ۱ کے کوور پر سپاٹ کو دبائیں۔ سلاٹ کو پوری طرف سے ابھارنے کے لئے کوور کو آہستہ سے گھمائیں۔ سم ۱ کو اسکا چپ اوپر کی طرف کر کے ڈالتے ہوئے اور اپنے انگوٹھے کے ساتھ کوور بند کریں۔

سم ۲ ڈالنے کے لئے اسی طریقے کا استعمال کریں[۱]۔

نینو سم کارڈ اسکے ٹرے میں انسٹال کرتے وقت اسکا خیال رکھیں کہ یہ ٹرے میں سما جائے۔ اگر سم کارڈ کو ٹرے کے ساتھ اسکے سلاٹ سے باہر نکالنا مشکل ہو تو، اسے نکالنے کے لئے TCL بعد فروخت سروس سائٹس پر جائیں۔ اسے زور دے کر نہ نکالیں۔

[۱] 8050D صرف۔

## microSD کارڈ داخل کرنا




فون کو بحفاظت اسکے فرنٹ کو نیچے کی طرف کئے ہوئے پکڑیں۔ اسکے بعد اسے کھولنے کے لئے microSD سلاٹ پر سپاٹ کو دبائیں۔ سلاٹ کو پوری طرف سے ابھارنے کے لئے کوور کو آہستہ سے گھمائیں۔ microSD کو اسکا چپ اوپر کی طرف کر تے ہوئے ڈالیں اور اپنے انگوٹھے کے ساتھ کوور بند کریں۔

## بیٹری چارج کرنا



اپنے فون میں بیٹری چارجر کو مربوط کریں اور ساکٹ میں پلگ لگائیں۔ اگر بیٹری کم ہے تو، جب تک چارجنگ اسٹیٹس بار دکھانے کے لیے چارج کافی نہ ہو اس بات کا کوئی اشارہ نہیں ہوگا کہ پاور وصول ہو رہا ہے۔ بجلی کی کھپت اور توانائی کی بربادی کو کم کرنے کے لئے، بیٹری کو ایک بار پوری طرح سے چارج کر لینے کے بعد، پلگ سے اپنا چارجر الگ کر لیں؛ وائی-فائی، جی پی ایس، بلوٹوتھ یا پس منظر میں چل رہے ایپس جو استعمال میں نہ ہوں بند کر لیں، بیکلائٹ وغیرہ کو کم کریں۔

### ۱-۲-۲ اپنے فون کا پاور آن کریں

فون کے پاور آن ہوجانے تک **پاور** کلید کو دبا کر رکھیں۔ اسکرین روشن ہونے سے قبل اس میں چند سیکنڈ لگیں گے۔

**پہلی بار اپنے فون کا سیٹ اپ کریں**

پہلی بار فون آن کرنے پر، آپکو مندرجہ ذیل اختیارات کو سیٹ کرنا چاہئے: زبان، گوگل اکاؤنٹ، وغیرہ

کوئی سم کارڈ انسٹال نہ رہنے پر بھی، آپکے فون کا پاور آن رہے گا اور آپ کسی وائی-فائی نیٹ ورک سے مربوط کر سکیں گے، اپنے گوگل اکاؤنٹ سے سائن ان اور فون کے کچھ فیچر کا استعمال کر سکیں گے۔

### ۱-۲-۳ اپنے فون کو پاور آف کریں

ہوم اسکرین سے **پاور کی** کو دبا کر تب تک رکھیں جب تک کہ فون کے اختیارات نہ دکھائی دے دیں، پھر **پاور بند** کریں منتخب کریں۔

## ۳-۱ ہوم اسکرین

آپ ان سبھی آئٹم (ایپس)، شارٹ کٹس، فولڈرز اور ویجیٹس) کو لے جا سکتے ہیں جو آپ فوری رسائی کے لئے اپنے ہوم اسکرین پر اکثر استعمال کرتے ہیں۔ ہوم اسکرین میں سوئچ کرنے کے لئے ہوم کی کو چھوئیں۔




**اسٹیٹس بار**

- اسٹیٹس/اطلاعات کا اشاریہ
- نوٹیفیکیشن پینل کو کھولنے کیلئے چھوئیں اور نیچے گھسیٹیں۔

**تلاش کا بار**

- ٹیکسٹ کی تلاش کرنے کے لئے، ❶ چھوئیں۔
- آواز کی تلاش کرنے کے لئے، ❷ چھوئیں۔

ایپ، فولڈر وغیرہ کھولنے کے لئے آئیکن کو چھوئیں۔

**پسندیدہ ٹرے ایپس**

- ایپ میں داخل ہونے کے لئے چھوئیں۔
- ایپس کو منتقل کرنے یا تبدیل کرنے کے لئے لمبے وقت تک دبائیں۔

ایپ کی فہرست میں داخل ہونے کے لئے چھوئیں۔

ہوم اسکرین ایپس، شارٹ کٹس وغیرہ کو شامل کرنے کے لئے زیادہ جگہ فراہم کرنے کے لئے وسیع فارمیٹ میں فراہم کیا جاتا ہے۔ ہوم اسکرین کو بائیں اور دائیں طرف سلائڈ کریں اور مکمل ویو حاصل کریں۔

## ۱-۳-۱ اسٹیٹس بار

فوری سیٹنگز پینل یا اطلاعاتی پینل کو کھولنے کیلئے اسٹیٹس بار کو چھوئیں اور نیچے گھسیٹیں۔ اسے بند کرنے کے لیے چھوئیں اور اوپر گھسیٹیں

### اطلاعاتی پینل

اطلاعات ہونے پر، اطلاعی پینل کو کھولنے اور تفصیلی معلومات پڑھنے کے لیے اسٹیٹس بار کو چھوئیں اور نیچے گھسیٹیں۔




فوری سیٹنگز پینل میں سوئچ کرنے کے لیے چھوئیں

سبھی واقعات پر مبنی اطلاعات کو ختم کرنے کے لیے چھوئیں (دیگر جاری اطلاعات بدستور رہیں گی)

### فوری سیٹنگز پینل

فوری سیٹنگز پینل کے آئیکنز کو چھو کر آپ فنکشنز کو فعال یا غیرفعال موڈ تبدیل کرسکتے ہیں۔




نیا رابطہ شامل کرنے کے لئے چھوئیں

ترتیبات تک رسائی کے لیے چھوئیں، جہاں آپ مزید آئٹمز سیٹ کرسکتے ہیں۔

### ۱-۳-۲ اپنے اسکرین کو لاک/ ان لاک کریں

اپنے فون اور رازداری کے تحفظ کے لیے، آپ اپنے فون اسکرین کو مختلف قسم کے نمونے، PIN یا پاس ورڈ وغیر بنا کر لاک کرسکتے ہیں۔

### ۱-۳-۳ اپنے ہوم اسکرین کو شخصی بنائیں

**شامل کریں**

آپ کسی فولڈر، ایپ، یا ویجیٹ کو موو موڈ میں فعال کرنے کے لئے لمبے وقت تک دبا کر رکھ سکتے ہیں اور اپنی ترجیح کے مطابق کسی بھی ہوم اسکرین پر لے جا سکتے ہیں۔

**جگہ تبدیل کرنا**

موو موڈ فعال کرنے کے لئے، جس کی جگہ تبدیل کرنی ہے اس آئٹم کو لمبے وقت کے لئے دبا کر رکھیں اور آئٹم کو مطلوب جگہ تک کھینچیں اور پھر چھوڑیں۔ آپ آئٹمز کو ہوم اسکرین اور پسندیدہ ٹرے دونوں جگہوں پر منتقل کرسکتے ہیں۔ آئٹم کو دیگر ہوم اسکرین پر گھسیٹنے کے لیے بائیں اور دائیں کنارے پر موجود آئیکن کو ہولڈ کریں۔

**ہٹائیں**

موو موڈ فعال کرنے کے لئے نکالنے والے آئٹم کو لمبے وقت کے لئے دبا کر رکھیں، نکالیں آئیکن کے اوپر آئٹم کو کھنچ کر لائیں اور آئٹم کے سرخ ہونے پر چھوڑیں۔

**فولڈرز تخلیق کریں**

ہوم اسکرین پر آئٹمز (شارٹ کٹس یا ایپس) کی ترتیب کو بہتر بنانے کے لئے، آپ ایک آئٹم پر دوسرے کو سجا کر انھیں کسی فولڈر میں جوڑ سکتے ہیں۔ فولڈر کا نام تبدیل کرنے کے لئے، اسے کھولیں اور نیا نام ان پٹ کرنے کے لئے فولڈر کا ٹائٹل بار چھوئیں۔

**وال پیپر کسٹمائز کرنا**

ایپس اسکرین پر سیٹنگز کو چھوئیں اور پھر وال پیپر کو کسٹمائز کرنے کے لئے **دکھائیں > وال پیپر** کو چھوئیں۔

### ۱-۳-۴ والیوم کی موافقت

آپ والیوم زیادہ/کم کی دبا کر اپنی ترجیح کے مطابق رنگر، میڈیا اور فون رنگ ٹون سیٹ کر سکتے ہیں یا **سیٹنگز > ساؤنڈ** و **نوٹیفکیشن چھو کر والیوم** سیٹ کر سکتے ہیں۔

# ۲ ٹیکسٹ ان پٹ

## ۱-۲ آن اسکرین کی بورڈ استعمال کرنا

**آن اسکرین کی بورڈ کی ترتیبات**

**سیٹنگز > زبان و ان پٹ** چھوئیں اور اس کی بورڈ کو چھوئیں جو آپ سیٹ اپ کرنا چاہتے ہیں۔ سیٹنگز کی سیریز آپکے انتخاب کے لئے دستیاب ہو جائے گا۔

**آن اسکرین کی بورڈ کے رخ کو موافق بنائیں**

آن اسکرین کی بورڈ کے رخ کو موافق بنانے کے لیے فون کو پہلو کی جانب یا اوپر نیچے گھمائیں۔ آپ سیٹنگز تبدیل کر کے (فوری سیٹنگز پینل میں **آٹو-روٹیٹ** چھوئیں)۔ اسے ایڈجسٹ کر سکتے ہیں۔

### ۱-۱-۲ اینڈائڈ کی بورڈ



## ۲-۱-۲ سوئفٹ کی بورڈ




## ۲-۲ متن میں ترمیم

آپ اپنے درج کردہ متن کی تدوین کرسکتے ہیں۔

- جس ٹیکسٹ میں آپ ترمیم کرنا چاہتے ہیں اسکے اندر لمبے وقت کے لئے دبائیں یا دو بار چھوئیں۔
- نمایاں سیکشن تبدیل کرنے کے لئے سلائیڈرز کو کھینچیں۔
- مندرجہ ذیل اختیارات دکھائی دے گا: سبھی کو منتخب کریں، **کاٹیں**، **کاپی کریں** اور **پیسٹ کریں**۔
- بغیر کسی کاروائی کے واپس جانے کے لئے آئیکن کو چھوئیں۔

# ۳ فون کال

## ۱-۳ کال کرنا

آپ **کال کریں** ایپ کا استعمال کر کے کال آسانی سے رکھ سکتے ہیں۔ ہوم اسکرین سے ⠿ کو چھوئیں اور **کال کو** منتخب کریں۔

### ۱-۱-۳ اصل اسکرین

سلائڈ کر کے یا ٹیبس کو چھو کر کے **رابطے** یا **حالیہ** سے رابطہ منتخب کریں، پھر کال کرنے کے لئے اپنا ٹارگیٹ سم کارڈ(۱) چنیں۔




(۱) 8050D دو سم کارڈز کو سپورٹ کرتا ہے۔ 8050X صرف ایک سم کارڈ کو سپورٹ کرتا ہے۔

### ۳-۱-۲ ڈائل پیڈ

ڈائل پیڈ سے مطلوبہ نمبر درج کریں اور کال کرنے کے لئے کو چھوئیں۔

آپ نے جو نمبر درج کیا وہ **رابطے** میں چھو کر اور پھر **نیا رابطہ بنائیں** کو چھو کر محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

غلطی ہونے کی صورت میں، آپ کو دبا کر غلط اعداد کو حذف کرسکتے ہیں۔

کال کو ہینگ اپ کرنے کے لئے کو چھوئیں۔



## ۲-۳ کال کا جواب دینا یا مسترد کرنا




جب آپ کال موصول کرتے ہیں:

- جواب دینے کے لئے آئیکن کو دائیں طرف سلائڈ کریں؛
- مسترد کرنے کے لئے آئیکن کو بائیں طرف سلائڈ کریں؛
- پری سیٹ پیغام بھیج کر کال مسترد کرنے کے لئے آئیکن کو اوپر کی طرف سلائڈ کریں۔

آنے والی کال کے رنگ ٹون والیوم کو خاموش کرنے کے لیے، والیوم زیادہ/کم کو دبائیں یا **(سیٹنگز > اشارے > خاموش میں بدلیں)** کو فون کو بدلیں۔

## ۳-۳ اپنی کال ہسٹری دیکھنا

آپ مسڈ کال، آؤٹ گوئنگ، اور ان کمنگ کالز دیکھنے کے لئے کال اسکرین سے **حالیہ** ٹیب کو چھو کر اپنے کال ہسٹری کی رسائی کر سکتے ہیں۔

# ۴ رابطے

آپ اپنے فون پر رابطے دیکھ اور بنا سکتے ہیں اور انہیں اپنے Gmail رابطوں یا دیگر ایپس کے ساتھ سینکرونائز کر سکتے ہیں۔

## ۴-۱ کوئی رابطہ شامل کرنا

ہوم اسکرین پر کو چھوئیں، پھر نیا رابطہ بنانے کے لئے رابطے کی فہرست میں آئیکن کو چھوئیں۔

## ۴-۲ متعدد اکاؤنٹس میں رابطوں کی مطابقت پذیری کرنا

اپنے فون پر انسٹال شدہ ایپس کے حساب سے رابطے، ڈیٹا یا دیگر معلومات کو ایک سے زائد اکاؤنٹ کے ساتھ سینکرونائز کیا جا سکتا ہے۔

# ۵ پیغام رسانی

آپ اس فون کے ساتھ ایس ایم ایس اور ایم ایم ایس پیغامات بنا، ترمیم اور موصول کر سکتے ہیں۔

اس فیچر کی رسائی کے لئے، ہوم اسکرین سے ایپلیکیشن ٹیب کو چھوئیں اور پھر پیغام رسانی منتخب کریں۔

اپنے سم کارڈ میں اسٹور پیغامات کی جانچ کریں، اور پیغام رسانی اسکرین سے آئیکن کو چھوئیں، پھر **سیٹنگز> ٹیکسٹ پیغام (ایس ایم ایس) > سم کارڈ پیغامات کا نظم کریں** کو چھوئیں۔

## ۱-۵ پیغام لکھیں

پیغام فہرست کی اسکرین پر، ٹیکسٹ/ملٹی میڈیا پیغامات لکھنے کے لئے، نیا پیغام آئیکن کو چھوئیں۔

رابطہ فرد تخلیق کرنے کے لئے پر تھپتھپائیں




- پورا پیغام کا تھریڈ دیکھنے کے لیے چھوئیں۔
- مٹائیں موڈ فعال کرنے کے لئے لمبے وقت تک دبائیں۔

### ایک متنی پیغام بھیجنا

رابطہ کو منتخب کرنے کے لئے، وصول کنندہ کا موبائل فون نمبر داخل کریں یا کو چھوئیں اور ٹیکسٹ درج کرنے کے لئے **ٹیکسٹ پیغام ٹائپ کریں** کو چھوئیں۔ مکمل کرنے کے بعد، ٹیکسٹ پیغام بھیجنے کے لئے، کو چھوئیں۔

۱۶۰ حروف سے زیادہ کے ایس ایم ایس پیغام کی قیمت کئی ایس ایم ایس پیغامات کے لئے وصول کی جائے گی۔ مخصوص حروف (لہجہ) پیغام کے سائز میں بھی اضافہ کریں گے۔ یہ کئی ایس ایم ایس پیغامات بھیجنے کی وجہ ہو سکتا ہے۔

### ایک ملٹی میڈیا پیغام بھیجنا

ایم ایم ایس آپکو دیگر موافق فونز اور ای میل پتوں میں ویڈیو کلپس، تصاویر، فوٹوز، انیمیشنز، سلائڈز اور ساؤنڈز بھیجنے کے قابل بناتا ہے۔

میڈیا فائلوں (تصویر، ویڈیو، آڈیو، سلائڈس، وغیرہ) کے منسلک ہونے یا موضوع یا ای میل پتے شامل ہونے پر ایس ایم ایس پیغام ایم ایم ایس پیغام میں خودکار طریقے سے تبدیل ہو جائے گا۔

# ٦ ای میل

اپنے Gmail اکاؤنٹ کے علاوہ، آپ باہری POP3، IMAP، اور EXCHANGE ای میل اکاؤنٹ کو بھی اپنے ڈیوائس پر سیٹ اپ کر سکتے ہیں۔

ہوم اسکرین پر، اس فنکشن کی رسائی کرنے کے لئے ⠿ > **ای میل** چھوئیں۔

ای میل ویزارڈ ای میل اکاؤنٹ سیٹ اپ کرنے کے مختلف اقدامات سے متعلق آپ کی رہنمائی کرے گا۔

- آپ جو اکاؤنٹ ترتیب دینا چاہتے ہیں اس کا ای میل پتہ اور پاس ورڈ درج کریں۔
- **اگلا** کو چھوئیں۔ آپ کا درج کردہ اکاؤنٹ اگر ڈیوائس میں آپکے سروس فراہم کار کی طرف سے فراہم نہیں کیا جاتا ہے تو، آپ کو دستی طریقے سے سیٹنگز داخل کرنے کے لئے ای میل اکاؤنٹ سیٹنگز میں بھیج دیا جائے گا۔ آپ ای میل اکاؤنٹ جو آپ سیٹ اپ کر رہے ہیں کے لئے ان کمنگ اور آؤٹ گوئنگ سیٹنگز درج کرنے کے لئے **دستی سیٹ اپ** کو بھی چھو سکتے ہیں۔

<u>ای میلز تخلیق کرنے اور بھیجنے کے لیے</u>

ان باکس اسکرین پر ✎ آئیکن کو چھوئیں۔

- **منجانب** فیلڈ میں وصول کنندگان کے ای میل پتے درج کریں۔
- اگر ضروری ہو تو، پیغام کی نقل یا بلائنڈ نقل شامل کرنے کے لئے ⋮ > **Cc/Bcc شامل کریں** کو چھوئیں۔
- موضوع اور پیغام کا مضمون ٹائپ کریں۔
- منسلکہ شامل کرنے کے لئے، ⋮ > **فائل منسلک کریں** کو چھوئیں۔
- آخر میں، بھیجنے کے لیے ➤ کو چھوئیں۔
- اگر آپ ابھی فورا ای میل نہیں بھیجنا چاہتے ہیں تو، آپ اسکی نقل محفوظ کرنے کے لئے ⋮ > **ڈرافٹ میں محفوظ کریں** کو چھو سکتے ہیں۔

# ۷ مربوط ہونا

اس فون کے ساتھ انٹرنیٹ سے مربوط ہونے کے لیے، آپ /GPRS EDGE/3G نیٹ ورکس یا Wi-Fi، جو بھی زیادہ سہولت بخش ہو، کا استعمال کرسکتے ہیں۔

## ۷-۱ انٹرنیٹ سے جڑنا

### ۷-۱-۱ GPRS/EDGE/3G

سم کارڈ ڈالنے کے بعد جب آپ اپنا فون پہلی مرتبہ آن کرتے ہیں تو، یہ آپکے نیٹ ورک ڈیوائس کو خودکار طریقے سے کنفیگر کر دے گا۔ ,GPRS EDGE, 3G۔

آپ کی طرف سے زیر استعمال نیٹ ورک کنکشن جانچنے کے لئے، **سیٹنگز > مزید > موبائل نیٹ ورکس چھوئیں اور نقطہ رسائی کے نام یا نیٹ ورک آپریٹر کو چھوئیں**۔

### ۷-۱-۲ Wi-Fi

Wi-Fi کا استعمال کرتے ہوئے، آپ اس وقت انٹرنیٹ سے جڑ سکتے ہیں جب آپ کا فون وائرلیس نیٹ ورک کے اندر ہو۔ Wi-Fi کا استعمال آپکے فون پر بغیر سم کارڈ داخل کئے ہوئے بھی کیا جا سکتا ہے۔

<u>**Wi-Fi کو آن کرنے اور وائرلیس نیٹ ورک سے جڑنے کے لیے**</u>

- چھوئیں **سیٹنگز > Wi-Fi**۔
- Wi-Fi آن/آف کرنے کے لئے سوئچ کریں کو چھوئیں۔
- شناخت شدہ Wi-Fi نیٹ ورک کی تفصیلی معلومات Wi-Fi نیٹ ورک سیکشن میں ڈسپلے کی جاتی ہے۔
- مربوط ہونے کے لیے Wi-Fi نیٹ ورک کو چھوئیں۔ اگر آپ کا منتخب شدہ نیٹ ورک محفوظ ہے تو، آپ کو ایک لفظ شناخت یا دیگر استناد داخل کرنے کی ضرورت ہوگی (تفصیلات کے لیے آپ کو نیٹ ورک آپریٹر سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے)۔ مکمل کر لینے پر، **مربوط کریں** کو چھوئیں۔

## ۲-۷ کسی کمپیوٹر سے جڑنا

USB کے ذریعہ اپنے فون کو اپنے کمپوٹر سے موبوط کرنے کے بعد، آپ اپنے فون اور کمپوٹر کے مابین فائلیں منتقل کر سکتے ہیں۔

آپکے فون پر نقل کی گئی فائلیں تب تک دستیاب نہیں ہوتی ہیں جب تک کہ USB ڈیٹا کیبل مکمل طور پر PC سے منقطع نہ ہو جائے۔ ان سے مربوط کرنے کے لئے USB یا آگے کے ورژن کا استعمال کریں۔

## ۳-۷ آپکا فون کے موبائل ڈیٹا کنکشن اشتراک کرنا

آپ اپنے موبائل ڈیٹا کنکشن کا اشتراک USB کیبل (USB ٹیدرنگ) کے ذریعے ایک کمپیوٹر کے ساتھ کر سکتے ہیں یا اپنے فون کو پورٹیبل وائی-فائی ہاٹ اسپاٹ میں تبدیل کر کے آٹھ ڈیوائسز تک کر سکتے ہیں۔

### USB ٹیدرنگ یا Wi-Fi ہاٹ اسپاٹ آن کرنا

- **سیٹنگز > مزید > ٹیدرنگ و پورٹیبل ہاٹ اسپاٹ** چھوئیں۔
- اس فنکشن کو فعال کرنے کے لئے **USB ٹیدرنگ** یا **Wi-Fi ہاٹ اسپاٹ** کا سوئچ چھوئیں۔

ان فنکشنز کے سبب آپ کے نیٹ ورک آپریٹر کی جانب سے اضافی نیٹ ورک چارجز عائد ہوسکتے ہیں۔ رومنگ والے علاقوں میں اضافی فیس عائد کی جاسکتی ہے۔

# ۸ ترتیبات

## ۸-۱ آلہ

### ۸-۱-۱ اشارے

ترجیح کے مطابق اشارے کو فعال کرنے کے لئے، **سیٹنگز** > **اشارے** کو چھوئیں۔

**ایک ہاتھ والا موڈ**

اس موڈ کا استعمال کرنے کے لئے، **سیٹنگز** > **اشارے** > **ایک ہاتھ والا موڈ** میں جائیں اور کچھ باکس پر نشان لگائیں۔

اسکرین کو چھوٹے سائز میں سکڑنے کے لئے ۳ سیکنڈ کے لئے واپس یا حالیہ کی کو چھوئیں۔ جب آپ خالی جگہ کو چھوتے ہیں تو، اسکرین اپنے اصل سائز میں بحال ہو جائے گی۔



## ۸-۱-۲ ڈسپلے

مندرجہ ذیل دیکھنے کے لئے، **سیٹنگز** > **ڈسپلے کریں** کو چھوئیں:

- **دیواری کاغذ** اپنا دیواری کاغذ سیٹ کریں۔
- **چمک کی سطح** سہولت والی چمک پر اپنے اسکرین کو ایڈجسٹ کریں۔
- **ایڈاپٹو چمک** دستیاب روشنی کے لئے چمک کی سطح کو بہتر بنائیں۔
- **سلیپ** اسکرین سیور شروع ہونے سے قبل وقت سیٹ کریں۔
- **Daydream** اسٹینڈ بائی اسٹیٹس میں رہنے کے دوران اینیمیشن اثر دکھانے کے لئے منتخب کریں۔
- **فونٹ سائز** اپنے فون کے لیے موزوں فونٹ سائز منتخب کریں۔
- **جب آلہ کو گھمایا جاتا ہے** اسکرین کے اجزاء کو گھمانے کے لئے یا گھمانے پر موجودہ سمت میں رکھنے کے لئے آلہ سیٹ کریں۔

## ۸-۱-۳ اسکرین لاک کریں

آپ لاک اسکرین کی سیٹنگز مثلا فنک فیچر کو فعال کرنا، اسکرین لاک سیٹ کرنا، مالک کی معلومات وغیرہ بھرنا کو انجام دے سکتے ہیں۔

## ۸-۱-۴ ساؤنڈ و نوٹیفکیشن

آپ **والیوم** کو والیوم زیادہ/کم کی یا **سیٹنگز** > **ساؤنڈ و نوٹیفکیشن** کو چھو کر سیٹ کر سکتے ہیں۔ آپ ترجیح کے مطابق **ڈیفالٹ نوٹیفکیشن رنگ ٹون**، **رنگ ٹون آن کریں**، اور **رنگ ٹون آف کریں** بھی سیٹ کر سکتے ہیں۔

## ۸-۱-۵ فلپ کوور

فلپ کوور فنکشن فعال کرنے کے لئے، **سیٹنگز** > **فلپ کوور** چھوئیں۔

## ۸-۱-۶ اسٹوریج

اپنے اندرونی اسٹوریج اور SD کارڈ کے تعلق سے استعمال کا اسٹیٹس دیکھنے کے لئے **سیٹنگز** > **اسٹوریج** چھوئیں۔

## ۸-۱-۷ بیٹری

بیٹری کی قوت اور سروس کا اسٹیٹس چیک کرنے کے لیے ترتیبات > بیٹری کو چھوئیں۔

### ۸-۱-۸ ایپس

ایپ کا اسٹیٹس چیک کرنے کے لیے **ترتیبات > ایپس** کو چھوئیں۔

## ۸-۲ ذاتی

### ۸-۲-۱ محل وقوع

آپ اپنا محل وقوع طے کرنے کے لئے GPS، Wi-Fi، یا موبائل نیٹ ورک کا استعمال کر سکتے ہیں۔

### ۸-۲-۲ سیکورٹی

سیکورٹی سیٹنگز سیٹ کرنے کے لئے چھوئیں۔

### ۸-۲-۳ اکاؤنٹس

ای میل یا سوشل نیٹ ورک اکاؤنٹ شامل کرنے کے لئے چھوئیں اور اکاؤنٹ سیٹنگز مثلا سینک فریکوئنسی اور نوٹیفکیشنز کا نظم کریں۔

### ۸-۲-۴ زبان اور ان پٹ

سسٹم کی زبان اور ان پٹ کا طریقہ دکھانے اور سیٹ کرنے کے لیے **ترتیبات> زبان اور ان پٹ** کو چھوئیں۔

- **زبان** سسٹم کی زبان سیٹ کریں۔
- **موجودہ کی بورڈ** فون میں انسٹال سبھی ان پٹ طریقوں کو دیکھیں اور کوئی ایک کو منتخب کریں۔

### ۸-۲-۵ بیک اپ اور ری سیٹ

آپ اپنے ایک یا زائد Google اکاؤنٹس سے معاون کار ترتیبات اور دیگر ڈیٹا کا بیک اپ لے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو آپنے آلہ کو تبدیل کرنے یا فیکٹری ری سیٹ کرنے کی ضرورت ہے تو، آپ ڈیٹا کو کسی بھی اکاؤنٹس میں بحال کر سکتے ہیں جن میں پہلے بیک اپ لیا تھا۔

**ترتیبات> بیک اپ اور ری سیٹ** کو چھوئیں۔

**مفید مشورہ:** فیکٹری ڈیٹا ری سیٹ چلانے سے پہلے تمام اہم ڈیٹا کا بیک اپ کر لینے کو یقینی بنائیں، کیونکہ یہ فنکشن تمام یوزر ایپس اور ڈیٹا کو مٹا دے گا۔ یہ یقینی بنائیں کہ باقی بیٹری کی پاور ۵۰٪ سے زیادہ ہے۔

## ۸-۳ سسٹم

### ۸-۳-۱ تاریخ اور وقت

تاریخ، وقت اور فارمیٹ سیٹ کرنے کے لیے **ترتیبات > تاریخ اور وقت** کو چھوئیں۔

**نوٹ:** جب خودکار اختیار غیر فعال ہو تو، آپ تاریخ اور وقت دستی طور پر سیٹ کر سکتے ہیں۔

### ۸-۳-۲ ترتیب کردہ پاور آن و آف

اپنے فون کو ترتیب کے ساتھ آن/آف کرنے کے لئے سیٹ کریں۔

### ۸-۳-۳ دسترس

اپنے آلہ کے معاون فنکشنز کی رسائی حاصل کریں۔

### ۸-۳-۴ پرنٹ کرنا

کلاؤڈ پرنٹ فنکشن کا استعمال کرنے کے لئے آن کریں۔

### ۸-۳-۵ ریگولیٹری و سیفٹی

ریگولیٹری و سیفٹی معلومات مثلا پروڈکٹ ماڈل، مینوفیکچرر نام دیکھنے کے لئے چھوئیں۔

### ۸-۳-۶ فون کے بارے میں

قانونی معلومات، فون کا اسٹیٹس اور سافٹ ویئر ورژن، وغیرہ کو چیک کرنے کے لیے ترتیبات > فون کے بارے میں کو چھوئیں۔

**<u>سسٹم اپ ڈیٹس (FOTA اپ گریڈ)</u>**

FOTA اپ گریڈ ٹول کا استعمال کر کے، آپ اپنے فون کا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔

**سسٹم اپ ڈیٹس** کی رسائی کرنے کے لئے، **سیٹنگز > فون کے بارے میں > سسٹم اپ ڈیٹس** کو چھوئیں۔ اگر آپ نے دستی جانچ منتخب کیا ہے تو، اپ ڈیٹس کی جانچ کے لئے بٹن کو چھوئیں۔ اگر آپ نے خودکار-جانچ منتخب کیا ہے تو سسٹم کوئی نیا ورژن جب شناخت کرتا ہے تو، ایک ڈائلاگ آپ کے ڈاؤن لوڈ یا نظر انداز کریں منتخب کرنے کے لئے پاپ اپ کرے گا، نوٹیفکیشن بھی اسٹیٹس بار پر دکھے گا۔

اپ ڈیٹس کی جانچ کرنے سے پہلے ڈیٹا کنکشن کو آپ کو آن کرنا چاہئے۔ ایک بار فون دوبارہ شروع ہونے پر خودکار-جانچ فریکوئنسی کے لئے ترتیبات بھی دستیاب ہوگی۔

# تحفظ اور استعمال

ہم اس کی سفارش کرتے ہیں کہ آپ موبائل استعمال کرنے سے پہلے اس باب کو دھیان سے پڑھیں۔ مینوفیکچرر، کسی نامناسب استعمال یا اس میں شامل ہدایات کے برعکس استعمال کرنے کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان کی ذمہ داری سے دستبرداری کا اعلان کرتا ہے۔

- **ٹریفک میں تحفظ:**

اس امر کو دیکھتے ہوئے مطالعہ کہتا ہے کہ گاڑی چلاتے وقت موبائل فون استعمال کرنے سے حقیقی خطرہ پیدا ہوتا ہے، یہاں تک کہ ہینڈ-فری کِٹ (کار کا کِٹ، ہیڈ سیٹ...) کا استعمال کرنے پر بھی، ڈرائیوروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ جب تک گاڑی پارک نہ ہو وہ اپنا موبائل استعمال نہ کریں۔
گاڑی چلاتے وقت، موسیقی یا ریڈیو سننے کے لیے اپنا فون اور ہیڈفون استعمال نہ کریں۔ ہیڈفون استعمال کرنا خطرناک ہوسکتا ہے اور کچھ علاقوں میں ممنوع ہے۔
چالو کرنے پر، آپ کا فون الیکٹرومیگنیٹک لہریں خارج کرتا ہے جو کہ گاڑی کے الیکٹرانک سسٹمز جیسے کہ ABS انٹی-لاک بریک یا ایربیگ میں مداخلت کرسکتا ہے۔ کسی مسئلے کے نہ ہونے کو یقینی بنانے کے لیے:
- اپنے فون کو ڈیش بورڈ کے اوپر یا ایربیگ پھیلنے والی جگہ پر نہ رکھیں،
- اسے یقینی بنانے کے لیے اپنے کار ڈیلر یا کار مینوفیکچرر سے دریافت کریں کہ ڈیش بورڈ موبائل فون RF انرجی سے معقول طریقے سے شیلڈ ہے۔

- **استعمال کی شرائط:**

کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے آپ کو وقت بہ وقت ٹیلیفون کو بند کرنے کی صلاح دی جاتی ہے۔
ہوائی جہاز میں چڑھنے سے پہلے فون کو بند کردیں۔
جب نگہداشت صحت کی سہولیات میں ہوں تو ، مقررہ جگہ کے علاوہ، فون کو بند کردیں۔ جیسا کہ بہت ساری قسموں کے آلات اب باقاعدگی سے استعمال میں ہیں، موبائل فون دیگر الیکٹریکل یا الکٹرانک ڈیوائسز، یا ریڈیو فریکوینسی استعمال کرنے والے آلات میں مداخلت کرسکتا ہے۔
جب آپ گیس یا آتش گیر سیال کے قریب ہوں تو فون کو بند کرلیں۔ ایندھن کے ڈپو، پیٹرول اسٹیشن، یا کیمیائی پلانٹ، یا کسی ممکنہ دھماکہ خیز ماحول میں آویزاں علامات اور ہدایات کی سختی سے پابندی کریں۔
فون کو آن کرتے وقت، اسے کسی بھی طبی آلہ جیسے پیس میکر، آلہ سماعت یا انسولین پمپ، وغیرہ سے کم از کم ۱۵ سینٹی میٹر دور رکھیں۔ خاص طور پر جب فون استعمال کررہے ہوں، تو آپ کو اسے اپنے کان پر کسی آلہ، اگر کوئی ہو تو، کے مخالف سمت میں پکڑنا چاہئے۔
سمعی نقص سے بچنے کے لیے، اپنے فون کو کان پرلگانے سے پہلے کال کو اٹھالیں۔ "ہینڈS-فری" موڈ استعمال کرتے وقت بھی اپنے ہینڈسیٹ کو اپنے کان سے دور رکھیں کیونکہ بڑھے ہوئے والیوم سے سماعت میں خرابی ہوسکتی ہے۔

نگرانی کے بغیر بچوں کو فون کے استعمال اور/یا ٹیلیفون اور اس کے لوازمات کے ساتھ کھیلنے نہ دیں۔
کور کو ہٹاتے وقت براہ کرم نوٹ کریں کہ آپ کے فون میں ایسے مادے ہوسکتے ہیں جو ۔الرجیاتی ردعمل پیدا کرسکتی ہیں۔
ہمیشہ اپنے فون کو حفاظت کے ساتھ رکھیں اور اسے صاف اور دھول سے پاک جگہ پر رکھیں۔
اپنے فون کو مخالف موسم یا ماحولیاتی حالات میں نہ رکھیں (گیلے پن، نمی، بارش، سیال کا رساؤ، دھول، سمندری ہوا، وغیرہ)۔ مینوفیکچرر کے ذریعہ تجویز کردہ آپریٹنگ درجہ حرارت کا دائرہ 10°C- سے 45°C+ ہے۔
45°C سے زیادہ پر فون کے ڈسپلے کی پڑھنے کی افزودہ قابلیت ناقص ہوسکتی ہے، البتہ یہ عارضی ہوتا ہے اور سنگین نہیں ہے۔
ہنگامی کال نمبرز سبھی موبائل نیٹ ورک پر قابل رسائی نہیں بھی ہو سکتے ہیں۔ آپ کو ایمرجنسی کالوں کے لیے صرف اپنے فون پر کبھی بھی منحصر نہیں رہنا چاہئے۔
اپنے موبائل فون کو خود سے کھولنے، خرد برد یا مرمت کرنے کی کوشش نہ کریں۔
اپنے موبائل فون کو نہ گرائیں، پھینکیں یا نہ موڑیں۔
کسی چوٹ سے بچنے کے لیے اگر شیشے کا بنا ہوا اسکرین نقصان زدہ، پھٹا یا ٹوٹا ہوا ہو تو فون استعمال نہ کریں۔
اس پر پینٹ نہ کریں۔
صرف TCL کمیونیکیشن لمیٹڈ کے ذریعہ تجویز کردہ اور اس کے ملحقہ ادارے اور آپ کے فون ماڈلز سے موافق بیٹریاں، بیٹری چارجرز، اور لوازمات ہی استعمال کریں۔ TCL کمیونیکیشن لمیٹڈ اور اس کے ملحقہ ادارے دیگر چارجر اور بیٹریوں کے استعمال کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان کی ذمہ داری سے دستبرداری کا اعلان کرتی ہے۔
اپنے فون میں ذخیرہ کردہ تمام اہم معلومات کی ایک بیک اپ کاپی بنائیں یا ایک تحریری ریکارڈ رکھنا یاد رکھیں۔
کچھ لوگ فلیش لائٹس، یا ویڈیو گیم چلاتے وقت مرگی کے دورے یا بے ہوشی(بلیک آؤٹس) میں مبتلا ہوسکتے ہیں۔ غشی کا دورہ یا بے ہوشی واقع ہوسکتا ہے جب یہ فرد ماضی میں کبھی بھی غشی کے دورے یا بے ہوشی میں مبتلا نہ رہا ہو۔ اگر آپ کو غشی کے دورے یا بے ہوشی کا تجربہ ہوا ہے، یا آپ کو ایسے واقعات کی خاندانی تاریخ رہی ہے تو، براہ کرم اپنے فون پر ویڈیو گیم کھیلنے یا اپنے فون پر فلیشنگ لائٹ فیچر کو فعال کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔
والدین کو اپنے بچوں کے ویڈیو گیم یا دیگر فیچرز جس میں فونز میں فلیشنگ لائٹس شامل ہوں، اس کے استعمال پر نگرانی رکھنی چاہئے۔ درج ذیل میں سے کسی بھی علامات کے ظاہر ہونے پر سبھی افراد کو استعمال بند کردینا چاہئے اور ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہئے:تشنج، آنکھ یا پٹھے میں کھچاؤ، آگہی کا فقدان، غیرارادی نقل و حرکت، یا ماحول ناشناسی۔ اس طرح کے علامات کے امکان کو محدود کرنے کے لیے، براہ کرم درج ذیل حفاظتی تدابیر کریں:
- تھکے ہونے یا سونے کی ضرورت ہونے پر فلیشنگ لائٹ فیچرز کے ساتھ نہ کھیلیں اور نہ ہی استعمال کریں۔

- ہر گھنٹے پر کم از کم ۱۵ منٹ کا وقفہ لیں۔
- اس کمرے میں کھیلیں جس کی سبھی بتیاں آن ہوں۔
- اسکرین سے ممکنہ زیادہ سے زیادہ دوری پر کھیلیں۔
- اگر آپ کے ہاتھوں، کلائیوں، یا بازوں میں کھیلتے وقت تھکن ہوتا ہے یا ورم آجاتا ہے تو، اسے بند کردیں اور دوبارہ کھیلنے کے لیے متعدد گھنٹے آرام کریں۔
- اگر آپ کو کھیلنے کے دوران یا بعد میں لگاتار ہاتھوں، کلائیوں، یا بازوں میں ورم رہتا ہے تو، گیم کو بند کردیں اور ڈاکٹر کو دکھائیں۔

اپنے فون پر گیم کھلتے وقت، آپ کو کبھی کبھار آپ کے ہاتھوں، بازوؤں، کندھوں، گردن، یا آپ کے جسم کے دیگر عضو میں تکلیف کا تجربہ ہوسکتا ہے۔ سوزش، کارپل ٹیونل سنڈروم، یا دیگر عضلی استخوانی گڑبڑی جیسے مسائل سے بچنے کے لیے ہدایات پر عمل کریں۔

**اپنی سماعت کو محفوظ رکھیں**

سماعت میں ممکنہ خرابی سے بچنے کے لیے، طویل عرصہ تک ہائی والیوم سطح پر نہ سنیں۔ لاؤڈ اسپیکر زیر استعمال ہونے پر اپنے آلے کے اپنے کان کے پاس رکھتے ہوئے احتیاط برتیں۔

- **رازداری:**

براہ کرم نوٹ کریں کہ جہاں آپ اپنے موبائل فون سے تصاویر لینے اور آواز ریکارڈ کرنے کے سلسلے میں اپنا موبائل فون استعمال کریں گے آپ کو وہاں کے اپنے حلقہ اختیار یا دیگر حلقہ اختیار (اختیارات) میں نافذ قوانین اور ضابطوں کا احترام کرنا چاہئے ۔ ان قوانین اور ضابطوں کے بموجب، تصاویر لینا اور/ یا دوسرے افراد کی آوازیں یا ان کی کسی بھی صفات کو ریکارڈ کرنا، اور اس کی نقل بنانا یا تقسیم کرنا، سختی سے ممنوع ہوسکتا ہے، اسے رازداری میں مداخلت تصور کیا جاسکتا ہے۔ اسے یقینی بنانا صرف صارف کی ذمہ داری ہے کہ نجی اور رازدارانہ بات چیت ریکارڈ کرنے یا دوسرے شخص کی تصاویر لینے کے لیے، ضروری ہونے پر پیشگی اجازت حاصل کی جائے؛ مینوفیکچرر، فروخت کنندہ یا موبائل فون کا وینڈر (آپریٹر کے ساتھ) فون کے غیر مناسب استعمال کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی ذمہ داری سے دستبرداری کا اعلان کرتاہے۔

- **بیٹری:**

براہ کرم نوٹ کریں کہ آپ کا ٹیلی فون یونی باڈی آلہ ہے، پچھلا کور اور بیٹری قابل منتقلی نہیں ہے۔ بیٹری کے استعمال کے لیے درج ذیل احتیاتی تدابیر کریں:
- پچھلے کور کو کھولنے اور اندر کے ریچارج کرنے کے قابل Li-پولیمر بیٹری کو بدلنے کی کوشش نہ کریں۔ اسے بدلنے کے لیے براہ کرم ڈیلر سے رابطہ کریں۔
- بیٹری کو نکالنے، بدلنے اور کھولنے کی کوشش نہ کریں۔
- اپنے آلہ کے پچھلے کور کو پنکچر نہ کریں۔
- اپنے آلہ کو نہ جلائیں یا گھریلو کوڑے کے ساتھ ضائع نہ کریں یا اسے 50 °C سے زیادہ درجہ حرارت پر ذخیرہ نہ کریں۔

- استعمال کردہ بیٹریوں کو ہدایات کے مطابق ہی ضائع کریں۔ اس بیٹری کی جگہ کسی غلط قسم کی بیٹری لگائے جانے پر پھٹنے کا خطرہ ہے۔

آپ کے ٹیلیفون، بیٹری اور لوازمات پر اس نشان کا مطلب ہے کہ ان پروڈکٹس کو اس کی زندگی ختم ہوجانے پرجمع کاری کے مراکز پر لانے کی ضرورت ہے:

- آلے کے ان اقسام کے لیے مخصوص کوڑے دان کے ساتھ میونسپل کوڑا ضائع کرنے والے مراکز۔
- فروخت کے مراکز پر جمع کاری کے کوڑے دان۔

اس کے بعد ماحول میں اس کے مادوں کو ضائع ہونے سے روکنے کے لیے اس کا باز احیا کیا جائے گا، تاکہ اس کے اجزاء کو دوبارہ استعمال میں لایا جاسکے۔

**یورپی یونین ممالک میں:**

ایسے جمع کاری کے مراکز تک رسائی مفت ہے۔
اس علامت والے تمام پروڈکٹس کو لازمی طور پر ان جمع کاری کے مراکز میں لایا جاناچاہئے۔

**غیر یوروپی یونین حلقہ اختیارمیں**

آپ کے حلقہ اختیار یا آپ کے علاقہ میں مناسب بازاحیا اور جمع کاری کی سہولیات ہونے پر اس علامت والے سازوسامان کے آئٹم کو عام کوڑے دان میں نہیں پھیکنے چاہئیں؛ اس کے بجائے انہیں بازاحیا کے لیے جمع کاری کے مراکز میں لایا جانا چاہئے۔

- **چارجرس**

مرکزی پاور والے چارجرز اس درجۂ حرارت کے دائرے میں کام کریں گے: 0°C to 40°C۔

آپ کے موبائل فون کے لیے متعین کردہ چارجرس اطلاعاتی ٹکنالوجی آلات کے تحفظ اور آفس کے آلات کے استعمال کے معیارات پر پورا اترتا ہے۔ یہ ایکو ڈیزائن کے رہنما اصول 2009/125/EC کی تعمیل بھی کرتا ہے۔ مختلف قابل اطلاق الکٹریکل تخصیصات کی وجہ سے، آپ جو چارجر ایک حلقہ اختیار میں خریدتے ہیں وہ دوسرے حلقہ اختیار میں کام نہیں بھی کرسکتا ہے۔ اسے صرف اسی مقصد کے لیے ہی استعمال کیا جانا چاہئے۔
اڈاپٹر سامان کے قریب انسٹال کیا جائے گا اور آسانی سے قابل رسائی ہوگا۔

- **ریڈیو لہریں:**

بازار میں اتارنے سے پہلے تمام موبائل فونز کے ماڈلز کے لیے بین الاقوامی معیارات (ICNIRP) یا یوروپ کے رہنما اصول (R&TTE) 1999/5/EC کی تعمیل کا ثبوت دینا ضروری ہے۔ صارف اور دیگر شخص کے صحت اور تحفظ کی حفاظت کرنا ان معیارات اور رہنما اصول کے لیے ایک لازمی تقاضہ ہے۔
یہ آلہ ریڈیو لہروں کے ظہور کے تعلق سے بین الاقوامی ہدایات کے مطابق ہے۔

آپ کا موبائل آلہ ایک ریڈیو ٹرانسمیٹر اور ریسیور ہے۔ اسے ریڈیو لہروں (ریڈیو فریکوینسی الکٹرومیگنیٹک فیلڈز) کے اخراج کے بین الاقوامی رہنما خطوط کی جانب سے تجویز کردہ حدوں سے تجاوز نہ کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ رہنما اصول آزاد سائنسی تنظیم (ICNIRP) کی طرف سے تیار کئے گیے ہیں اور ان میں عمر اور صحت کے تفریق کے بغیر تمام افراد کی سیفٹی کا خیال کرکے تیار کیا گیا اہم سیفٹی مارجن شامل ہیں۔

پیمائش کا ریڈیو ویو ایکسپوزر (رابطہ میں آنا) کے رہنما خطوط پیمائش کے ایک یونٹ کا استعمال کرتا ہے جسے مخصوص انجذابی شرح یا SAR کہا جاتا ہے۔ موبائل آلات کے لیے SAR کی حد 2 W/kg ہے۔

SAR کی جانچ اسٹنڈرڈ آپریٹنگ پوزیشنز کا استعمال کرکے کی جاتی ہے جس میں آلہ فریکوینسی کی تمام جانچ شدہ برانڈز میں اپنی پوری تصدیق شدہ پاور کی سطح پر اخراج کرتا ہے۔ اس ڈیوائس کے ماڈل کےلیے ICNIRP رہنما خطوط کے تحت سب سے زیادہ SAR قدر ہیں:

**:8050X**

| اس ماڈل کے لیے زیادہ سے زیادہ SAR اور حالات جس میں اسے ریکارڈ کیا گیا۔ | | |
|---|---|---|
| **SAR ہیڈ** | 2.4G Wi-Fi | 0.329W/kg |
| **جسم کے پہناوے والے SAR** | GSM 900 | 0.522W/kg |

**:8050D**

| اس ماڈل کے لیے زیادہ سے زیادہ SAR اور حالات جس میں اسے ریکارڈ کیا گیا۔ | | |
|---|---|---|
| **SAR ہیڈ** | 2.4G Wi-Fi | 0.329W/kg |
| **جسم کے پہناوے والے SAR** | GSM 900 | 0.522W/kg |

استعمال کے دوران، اس آلہ کے حقیقی SAR قدریں عام طور پر اوپر مذکور قدروں سے کم ہوتی ہیں۔ یہ اس لیے ہے کیونکہ سسٹم کی کارکردگی کے لیے اور نیٹ ورک میں رکاوٹ کو کم کرنے کے لیے آپ کے موبائل آلہ کا آپریٹنگ پاور اس وقت خود بخود کم ہو جاتا ہے جب کال کے لئے پورے پاور کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ آلہ سے پاور کا اخراج جتنا ہی کم ہوگا SAR قدر اتنی ہی کم ہوگی۔

جسم کے پہناوے والے SAR کی جانچ علیحدہ جگہ پر ١٠ ملی میٹرکی دوری پرکی جاتی ہے۔ RF جسم کے پہناوے والے عمل کے دوران، ایکسپوزر کے رہنما خطوط کی تعمیل کرنے کے لیے اس آلہ کو کم از کم اس دوری پر جسم سے دور رکھا جانا چاہئے۔

اگر آپ منظور شدہ لوازمات استعمال نہیں کرتے ہیں تو اسے یقینی بنائیں کہ جو بھی مصنوع استعمال کریں وہ کسی بھی دھات سے پاک ہو اور یہ فون کو بتائی گئی دوری پر جسم سے دور رکھتا ہو۔

تنظیمیں جیسے کہ عالمی ادارہ صحت اور ریاستہائے متحدہ کے غذا و ادویات سے متعلق انتظامیہ نے کہا ہے کہ اگر لوگ فکرمند ہوں اور اپنے خطرے کو کم کرنا چاہتے ہوں تو وہ ہینڈز فری آلہ کا استعمال کر کے کالز کے دوران سر اور جسم سے فون کو دور رکھ سکتے ہیں، یا فون پر صرف کیے گیے گھنٹے کو کم کر سکتے ہیں۔
مزید معلومات کے لئے آپ www.alcatelonetouch.com پر جاسکتے ہیں
الیکٹرومیگنیٹک فیلڈز اور عوامی صحت کے بارے میں مزید معلومات درج ذیل سائٹ پر موجود ہیں: http://www.who.int/peh-emf۔
آپ کا ٹیلیفون نصب شدہ کیمرہ سے لیس ہے۔ بہترین عمل کے لیے، آپ کو اسے چھونے یا مسخ کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔
جیسا کہ موبائل آلات فنکشنز کی ایک حد فراہم کرتا ہے، اسے آپ کے کان میں دوسرے کی جگہ میں استمعال کیا جاسکتا ہے۔ ان حالات میں ہیڈ سیٹ یا usb ڈیٹا کیبل کے ساتھ استعمال کرنے پر آلہ رہنما خطوط کی تابعداری کرے گا۔ اگر آپ دوسرے لوازمات استعمال کرتے ہیں تو اسے یقینی بنائیں کہ جو بھی مصنوع استعمال کریں وہ کسی بھی دھات سے پاک ہو اور یہ فون کو کم از کم جسم سے ۱۰ملی میٹر کی دور ی پر رکھتا ہو۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ اس آلہ کو استعمال کرنے پر آپ کے کچھ ذاتی ڈیٹا کا اشتراک مرکزی آلہ کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ اپنے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت آپ کی خود کی ذمہ داری ہے، اسے کسی بھی غیر مجاز شدہ آلات یا آپ سے جڑے فریق ثالث کے آلات کے ساتھ اشتراک نہ کریں۔ Wi-Fi خصوصیات والے پروڈکٹس کے لیے، صرف قابل اعتبار Wi نیٹ ورکس سے جڑیں۔ ساتھ ہی اپنے پروڈکٹ کو ہاٹ اسپاٹ (جہاں دستیاب ہو) کے طور پر استعمال کرتے وقت، نیٹ ورک سیکیورٹی کا استعمال کریں۔ یہ احتیاطی تدابیر آپ کے آلہ کے غیر مجاز شدہ رسائی کو روکنے میں مدد کریں گے۔ آپ کا آلہ آپ کی ذاتی معلومات متعدد مقامات پر ذخیرہ کرسکتا ہے بشمول SIM کارڈ، میموری کارڈ، اور نصب شدہ میموری۔ اپنے پروڈکٹ کی بازاحیا، واپسی، یا کسی کو دینے سے قبل تمام ذاتی معلومات کو ہٹا دیں یا صاف کردیں۔ اپنے ایپس اور اپ ڈیٹس کو محتاط طور پر چنیں، اور صرف معتبر ذرائع سے ہی نصب کریں۔ کچھ ایپس آپ کے پروڈکٹ کی کارکردگی کو متاثر کرسکتے ہیں اور/یا نجی معلومات بشمول اکاؤنٹ کی تفصیلات، کال ڈیٹا، مقام کی تفصیلات اور نیٹ ورک وسائل تک رسائی کرسکتے ہیں۔

نوٹ کریں کہ TCL کمیونیکیشن لمیٹڈ کے ساتھ اشتراک کردہ تمام ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق قابل اطلاق قانون کے مطابق ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ ان مقاصد کے لئے، TCL کمیونیکشن لمیٹڈ سبھی ذاتی ڈیٹا کو محفوظ رکھنے مثال کے طور پر غیر مجاز شدہ یا غیر قانونی پراسیسنگ اور حادثاتی نقصان یا اس طرح کے ذاتی ڈیٹا کی بربادی یا نقصان کے لئے تکنیکی اور تنظیمی اقدامات کو نافذ کرتا اور بنائے رکھتا ہے جہاں اقدامات ایک درجے کی سیکورٹی فراہم کریں گے جو اسکے تعلق سے مناسب ہونگے

(i) دستیاب تکنیکی امکانات،
(ii) اقدامات کے نفاذ کی لاگتیں،
(iii) ذاتی ڈیٹا پر کارروائی سے متعلق خطرات، اور
(iv) کارروائی کردہ ذاتی ڈیٹا کی حساسیت۔

آپ اپنے صارف اکاؤنٹ میں لاگ ان کرکے، اپنے صارف پروفائل پر جاکر یا ہم سے براہ راست رابطہ کرکے کبھی بھی اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی کرسکتے ہیں، اس کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اس میں ترمیم کرسکتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا میں ترمیم یا اسے حذف کریں تو، ہم آپ کی درخواست پر کارروائی کرنے سے قبل آپ کو اپنی شناخت کا ثبوت فراہم کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔

## • لائسنس

مائیکرو SD لوگو ایک ٹریڈ مارک ہے۔

بلوٹوتھ لفظ کی علامت اور لوگوز بلوٹوتھ SIG انک کی ملکیت ہے اور TCL کمیونیکیشنز لمیٹڈ اور اس کے الحاق یافتگان کے ذریعہ ایسی علامات کا کوئی بھی استعمال لائسنس کے تحت ہے۔ باقی تمام ٹریڈمارکس اور تجارتی نام ان کے متعلقہ مالکان کی ملکیت ہیں۔

**ALCATEL ONETOUCH**
**PIXI 4 6" 3G Android**
**(بلوٹوتھ ڈیکلریشن ID D027868)**

SwiftKey ٹچ ٹائپ لمیٹڈ کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے۔

HD وائس لوگو کی ملکیت GSM ایسوسی ایشن ("GSMA") یا "لائسنسر") کی ہے۔ اس کو نیٹ ورک اور پروڈکٹس پر HD وائس صلاحیتوں کی مارکیٹنگ اور پروموشن کے لئے آپریٹرز اور وینڈرز کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

Wi-Fi لوگو Wi-Fi الائنس کا ایک تصدیقی نشان ہے۔

Google، Google کا لوگو، Android، Android کا لوگو، Gmail ™، Google Maps™، Google Search ™، Google Latitude ™، Google Play Store، YouTube اور Hangouts ™ Google Inc، کے ٹریڈ مارکس ہیں۔

اینڈرائڈ روبوٹ Google کے ذریعہ تیار کردہ اور اشتراک کردہ ہے اور اس کا استعمال Creative Commons 3.0 Attribution License (عبارت **Google لیگل** میں **ترتیبات/بارے میں فون/قانونی معلومات** کو آپ کے چھوکر ہولڈ کرنے پر نظر آئے گی) کی شرائط کے مطابق استعمال کی جاتی ہے۔ [1]

آپ نے ایک پروڈکٹ خریدا ہے جو کھلے ذریعہ والے (http://opensource.org/) پروگراموں mtd، msdosfs، netfilter/iptables اور initrd کا استعمال آبجیکٹ کوڈ اور دیگر کھلے ذرائع والے پروگراموں میں کرتا ہے جو GNU عام عوامی لائسنس اور اپاچی لائسنس کے تحت لائسنس یافتہ ہیں۔

ہم درخواست کے حصول پر آپ کو TCL کی طرف سے پروڈکٹ کی تقسیم سے تین سالوں کی مدت کے اندر متعلقہ سورس کوڈ کی مکمل نقل فراہم کریں گے۔ آپ http://sourceforge.net/projects/alcatel/files/ سے ماخذ کوڈز ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ ماخذ کوڈ کی فراہمی انٹرنیٹ سے بلا معاوضہ ہے۔

(۱) تمام ممالک میں دستیاب نہیں بھی ہو سکتا ہے۔

# عام معلومات

- **انٹرنیٹ پتہ:** www.alcatelonetouch.com
- **ہاٹ لائن نمبر:** "TCL کمیونیکشن سروسز" کا کتابچہ دیکھیں یا ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔
- **پتہ:** Room 1910-12A, Tower 3, China HK City, 33 Canton Road, Tsimshatsui, Kowloon, Hong Kong
- **الیکٹرانک لیبلنگ (Elabel) پاتھ: سیٹنگز/ریگولیٹری و سیفٹی** کو چھوئیں یا "*#07#" ان پٹ کریں، آپ لیبلنگ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔[۱]

ہماری ویب سائٹ پر، آپ کو ہمارا FAQ (اکثر پوچھے گئے سوالات) کا سیکشن ملے گا۔ خود کو درپش سوال پوچھنے کے لیے آپ ہم سے ای میل کے ذریعہ بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

اس صارف کے رہنما ہمارے سروس کی دستیابی کے مطابق ایک الکٹرانک ورژن انگریزی اور دیگر زبانوں میں دستیاب ہے:
www.alcatelonetouch.com

آپ کا ٹیلی فون ایک ٹرانسیور ہے جو کواڈ-بینڈ میں GSM پر (850/900/1800/1900MHz) اور ڈبل-بینڈ (900/2100MHz) میں UMTS پر کام کرتا ہے۔

CE 0560

یہ آلہ رہنما ہدایات 1999/5/EC کے لازمی تقاضوں اور دیگر متعلقہ شقوں کے زیر تعمیل ہے۔ آپ کے ٹیلیفون کے لیے مطابقت کے اعلان کی پوری نقل ہماری ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہے: www.alcatelonetouch.com۔

## چوری سے تحفظ [۲]

آپکے ٹیلی فون کی شناخت پیکیجنگ لیبل اور فون کی میموری پر دکھائے IMEI (فون سیریل نمبر) سے کی جاتی ہے۔ ہم اس کی شفارش کرتے ہیں کہ پہلی بار اپنا ٹیلیفون استعمال کرتے وقت # 0 6 # * درج کرکے اس نمبر کو نوٹ کرلیں اور اسے محفوظ جگہ پر رکھیں۔ آپ کا فون چوری ہوجانے کی صورت میں پولیس یا آپ کے آپریٹر کے ذریعہ اس کی درخواست کی جاسکتی ہے۔ یہ نمبر آپ کے موبائل ٹیلیفون کو بلاک کرکے تیسرے فرد کو، مختلف SIM کارڈ کے ساتھ بھی استعمال کرنے سے روکتی ہے۔

[۱] اس کا انحصار ممالک پر ہے۔
[۲] خدمت کی دستیابی چیک کرنے کے لیے اپنے نیٹ ورک آپریٹر سے رابطہ کریں۔

# اعلان دستبرداری

آپ کے ٹیلیفون کے سافٹ ویئر ریلیز یا آپریٹر کی مخصوص خدمات کے لحاظ سے، صارف کے رہنما کی وضاحت اور فون کے آپریشنز میں کچھ حد تک فرق ہوسکتا ہے۔ TCL کمیونیکشن کو ایسے کسی بھی فرق کے لیے، نہ ہی اس کے امکانی نتائج کے لئے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا، جس کی ذمہ داری خصوصی طور پر آپریٹر پر عائد ہوتی ہوں۔

اس ہینڈسیٹ میں ایسے مواد شامل ہوسکتے ہیں، بشمول ایپلیکیشنز اور سافٹ ویئر ایگزیکیوٹیبل یا سورس کوڈ کی شکل میں، جو تیسرے فریق کے ذریعہ اس ہینڈسیٹ میں شامل کیے جانے کے لیے جمع کروائے گئے ہوں ("تیسرے فریق کے میٹریلز") اس ہینڈسیٹ میں شامل تمام تیسرے فریق کے مواد "جوں کا توں"، کسی قسم کی وارنٹی کے بغیر، خواہ واضح ہوں یا مضمر، بشمول قابل تجارت ہونے کی مضمر وارنٹیز، کسی مخصوص مقصد یا استعمال کے لیے موزونیت/تیسرے فریق کے ایپلیکیشن، خریدار کے دیگر موادوں یا ایپلیکیشنز کے ساتھ باہم استعمال کی اہلیت اور کاپی رائٹ کی عدم خلاف ورزی کے فراہم کیا گیا ہے۔ خریدار یہ قبول کرتا ہے کہ TCL کمیونیکشن لمیٹڈ نے حقوق املاک دانش کی تعمیل کرتے ہوئے ایک موبائل آلے اور ہینڈسیٹ کے صانع کی حیثیت سے اپنے اوپر عائد معیار سے متعلق تمام ذمہ داریوں کی تکمیل کی ہے۔ TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کسی بھی مرحلے پر اس ہینڈسیٹ پر یا خریدار کے کسی دیگر آلات پر باہم تعامل میں تیسرے فریق کے موادوں کی چلنے کی نااہلیت یا ناکامی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ قانون کے تحت اجازت یافتہ انتہائی حد تک TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کسی ایسے دعووں، مانگوں، مقدمات یا کارروائیوں کی تمام ذمہ داری سے دستبرداری کا اعلان کرتا ہے، اور خاص طور پر – لیکن انہیں تک محدود نہیں – ایسے تیسرے فریق کے موادوں کے ہرجانہ سے متعلق قانونی کارروائیوں، ذمہ داری کے کسی بھی اصول کے تحت، جو کسی بھی ذریعہ سے استعمال، یا استعمال کی کوشش سے۔ مزید برآں، حالیہ تیسرے فریق کے مواد، جو TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کے ذریعہ مفت فراہم کیے جارہے ہیں، مستقبل میں معاوضے والے اپ ڈیٹس اور اپ گریڈز کے مستوجب ہوسکتے ہیں؛ TCL کمیونیکشن لمیٹڈ ایسے کسی اضافی لاگتوں کے سلسلے میں کسی ذمہ داری سے بری ہے، جو خصوصی طور پر خریدار پر عائد ہوتی ہوں۔ ایپلیکیشنز کی دستیابی ان ممالک اور آپریٹرز کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہے جہاں ہینڈسیٹ استعمال کیا جاتا ہے؛ کسی بھی صورت میں ممکنہ ایپلیکیشنز اور ہینڈسیٹس کے ساتھ فراہم کردہ سافٹ ویئر کی فہرست کو TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کی جانب سے ذمہ داری کی قبولیت نہیں سمجھا جاتا ہے؛ یہ محض خریدار کی معلومات کے لیے ہی ہو سکتا ہے۔ لہذا، TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کسی ایک یا زیادہ ایپلیکیشنز کی عدم دستیابی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا جس کی خواہش خریدار کو ہے، کیونکہ اس کی دستیابی کا انحصار خریدار کے ملک اور آپریٹر پر ہے۔ TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کے پاس کسی بھی وقت پیشگی نوٹس کے بغیر اپنے ہینڈسیٹس سے تیسرے فریق کے میٹریلز کو ہٹانے یا شامل کرنے کا اختیار محفوظ ہے؛ کسی بھی صورت میں TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کو خریدار کے ذریعہ کسی ایسے نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا جو اس طرح سے ہٹائے جانے کے سبب خریدار پر ان ایپلیکیشنز اور تیسرے فریق کے میٹریلز کے استعمال یا استعمال کی کوشش کے سبب پڑ سکتے ہیں۔

# وارنٹی

آپ کا آلہ معمول کے استعمال کی حالت میں ہونے والے کسی بھی نقص یا خرابی کے لیے آپ کے اصل بل میں موجود خریداری کی تاریخ سے وارنٹی کی بارہ (۱۲) ماہ (۱) کی میعاد تک وارنٹی شدہ ہے۔

آپ کے آلہ کے ساتھ بیچی گئی بیٹریاں (۲) اور لوازمات بھی کسی بھی نقص کے لیے آپ کے اصل بل میں موجود خریداری کی تاریخ سے وارنٹی کی چھ (۶) ماہ (۱) کی میعاد تک وارنٹی شدہ ہے۔

آپ کے آلہ میں کسی خرابی کی صورت میں جو آپ کو معمول کے استعمال سے روکتا ہو، تو آپ کو فوری طور پر اپنے وینڈر کو اطلاع کرنی چاہئے اور خریداری کے ثبوت کے ساتھ اپنا آلہ پیش کرنا چاہئے۔

(۱) وارنٹی کے وقفے میں آپ کے ملک کے لحاظ سے فرق ہوسکتا ہے۔

(۲) آلہ کی ریچارج کرنے کے قابل بیٹری کی زندگی، گفتگو کے وقت، اسٹینڈ بائی کے وقت اور سروس کی کل زندگی کا انحصار استعمال کے حالات اور نیٹ ورک کنفیگریشن پر ہوگا۔ بیٹری کو بدل پذیر رسد میں شمار کیا جاتا ہے، تخصیصات بتاتے ہیں کہ آپ کے آلہ کی خریدنے کے بعد پہلے چھ مہینے کے دوران اور لگ بھگ اگلے ۲۰۰ ریچارج تک بہترین کارکردگی حاصل ہونی چاہیے۔

نقص کی تصدیق ہوجانے پر، حسب مناسب، آپ کا آلہ یا اس کا کوئی حصہ یا تو بدل دیا جائے گا یا اس کی مرمت کی جائے گی۔ مرمت شدہ آلہ اور لوازمات اسی نقص کے لیے ایک (۱) ماہ کیوارنٹی کا اہل ہوتا ہے۔ مرمت یا تبدیلی مساوی کارکردگی فراہم کرنے والے باز درستگی والے اجزاء کے استعمال سے کی جاسکتی ہے۔

یہ وارنٹی پرزوں اور مزدوری کی قیمت کا احاطہ کرتا ہے لیکن کوئی دوسری قیمتیں شامل نہیں ہیں۔

یہ وارنٹی آپ کے آلہ اور/یا لوازمات میں درج ذیل کی وجہ سے ہونے والے نقص پر لاگو نہیں ہوگا (کسی حد کے بغیر) :

۱) استعمال یا تنصیب کے ہدایات، یا اس جغرافیائی علاقے کے تکنیکی اور تحفظ کے معیارات کی تعمیل نہ کرنا جہاں آپ کا آلہ استعمال ہوتا ہو؛

۲) ایسے کسی آلات سے مربوط کرنا جو TCL کمیونیکشن لمیٹیڈ کے ذریعہ فراہم نہ کیا گیا ہو یا جس کی شفارش نہ کی گئی ہو؛

۳) TCL کمیونیکشن لمیٹیڈ یا اس کے ملحقہ ادارے یا آپ کے وینڈر کے اجازت کے بغیر کسی افراد کے ذریعہ ترمیم یا مرمت کرنا؛

۴) TCL کمیونیکشن لمیٹڈ کے اجازت کے بغیر سافٹ ویئر یا ہارڈویئر میں کسی فرد کے ذریعہ ترمیم کرنا، موافق بنانا یا تبدیلی کرنا؛

۵) خراب موسم، بجلی چمکنا، آگ، نمی، سیال یا غذا،کیمیائی مادوں کا اندر چلا جانا، فائلوں کا ڈاون لوڈ، کریش، زیادہ وولٹیج، زنگ لگنا، آکسیڈیشن ...

اگر لیبلز یا سیریل نمبروں (IMEI/SN) کو ہٹا دیا گیا ہو یا اس میں ترمیم کی گئی ہو تو آپ کے آلہ کی مرمت نہیں کی جاسکتی۔

اس پرنٹ شدہ محدود وارنٹی یا آپ کے ملک یا حلقہ اختیار کے ذریعہ آپ کو فراہم کردہ لازمی وارنٹی کے علاوہ، کوئی دیگر واضح وارنٹیز، خواہ تحریری ہوں یا مضمر، نہیں ہیں۔

کسی بھی صورت میں TCL کمیونیکیشنز لمیٹڈ یا اس کے ملحقین کسی بھی نوعیت کے بلاواسطہ، حادثاتی یا ضمنی نقصانات کے لیے اس مکمل حد تک ذمہ دار نہیں ہوں گے جس حد تک قانون کے تحت اس سے دستبرداری ممکن ہے، بشمول لیکن انہیں تک محدود نہیں، تجارتی یا مالی خسارہ یا نقصان، ڈیٹا یا تصویر کا نقصان۔

Some کچھ ممالک/ ریاستیں بلاواسطہ، حادثاتی یا ضمنی نقصانات سے استثناء یا تحدید، یا مضمر وارنٹیز کی مدت کی تحدید کی اجازت نہیں دیتے، لہٰذا ایسی صورت میں آپ پر مذکورہ بالا تحدیدات یا استثنآت کا اطلاق نہیں بھی ہوسکتا ہے۔

# خرابی دور کرنا

سروس سینٹر سے رابطہ کرنے سے پہلے، آپ کو درج ذیل ہدایات پر عمل کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے:

- بہترین عمل کے لیے آپ کو پوری طرح سے بیٹری کو چارج ( ) کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔
- اپنے فون میں ڈیٹا کی بڑی مقدار ذخیرہ کرنے سے بچیں کیونکہ یہ اس کی کارکردگی کو متاثر کر سکتا ہے۔
- فون فارمیٹنگ یا سافٹ ویئر اپ گریڈنگ انجام دینے کے لئے **فیکٹری ڈیٹا ری سیٹ** کا استعمال کریں (فیکٹری ڈیٹا ری سیٹ کرنے کے لئے، **پاور** کی اور **والیوم زیادہ** کو ایک ساتھ دبائیں)۔ سبھی یوزر فون ڈیٹا: رابطے، فوٹوز، پیغامات، فائلیں، اور ڈاؤن لوڈ کئے گیے ایپلی کیشنز مستقل طور پر ختم ہو جائیں گے۔ فارمیٹنگ یا اپ گریڈنگ کرنے سے پہلے اسمارٹ سویٹ کے ذریعے فون ڈیٹا اور پروفائل مکمل بیک اپ لینے کا تاکید کے ساتھ مشورہ دیا جاتا ہے۔

مندرجہ ذیل جانچیں انجام دیں:

**میرا فون سوئچ آن نہیں ہورہا یا یہ منجمد ہوگیا ہے**

- جب فون کو سوئچ آن نہیں کیا جاسکتا ہو تو، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کم از کم ۲۰ منٹ تک چارج کریں کہ مطلوبہ کم از کم بیٹری پاور موجود ہو، پھر سوئچ آن کرنے کی کوشش کریں۔
- جب پاور آن- آف انیمیشن کے دوران فون ایک لوپ میں پہنچ جاتا ہے اور صارف انٹرفیس تک رسائی نہیں ہوسکتی ہو تو، سیف موڈ میں جانے کے لیے والیوم ڈاؤن کلید کو دبائیں۔ یہ تیسرے فریق کے APKs کے ذریعے پیدا کردہ کسی غیر معمولی OS بوٹنگ کے مسئلے کو ختم کردیتا ہے۔
- ان میں سے کسی طریقے کے موثر نہ ہونے کی صورت میں، براہ کرم پاور کی اور والیوم زیادہ (دونوں کو ایک ساتھ پکڑ کر کے) کا استعمال کر کے فون ری سیٹ کریں۔

**میرے فون نے کئی منٹ تک ردعمل نہیں کیا**

- ۱۰ سیکنڈ سے زیادہ تک **پاور** کی کو دبا کر پکڑے رکھ کر اپنے فون کو دوبارہ شروع کریں۔

**میرا فون اپنے آپ بند ہوجاتا ہے**

- یہ جانچ لیں کہ جب آپ اپنے فون کا استعمال نہیں کر رہے ہوں تو آپکا اسکرین لاک ہو، اور یہ یقینی بنا لیں کہ **پاور** کی اسکرین کے ان لاک رہنے کی وجہ سے اسکے ساتھ بدعملی نہ ہو۔
- بیٹری چارج کے سطح کی جانچ کریں۔

**میرا فون مناسب طرح سے چارج نہیں ہو سکتا ہے**

- یقینی بنائیں کہ آپ باکس میں شامل ALCATEL ONETOUCH چارجر کا ہی استعمال کر رہے ہوں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کی بیٹری پوری طرح ڈسچارج نہ ہوئی ہو؛ اگر بیٹری کا پاور لمبے وقت سے ختم ہے تو، اسکرین پر بیٹری چارجر انڈیکیٹر دکھانے میں تقریباً ۲۰ منٹ لگ سکتے ہیں۔
- یہ یقینی بنائیں کہ چارجنگ معمول کے حالات (0°C سے +40°C) کے تحت انجام دی جائے۔
- بیرون ملک میں ہوں، تو اس بات کی جانچ کر لیں کہ وہاں کا وولیج ان پٹ موافق ہے

**میرا فون نیٹ ورک سے مربوط نہیں ہوسکتا یا "کوئی سروس نہیں ہے" دکھاتا ہے**

- دوسرے مقام پر مربوط کرنے کی کوشش کریں
- اپنے آپریٹر سے نیٹ ورک کوریج کی توثیق کریں
- اپنے آپریٹر سے جانچ کریں کہ آپ کا SIM کارڈ جائز ہے۔
- دستیاب نیٹ ورک(نیٹ ورکس) کو دستی طور پر منتخب کرنے کی کوشش کریں
- نیٹ ورک اوور لوڈ ہونے کی صورت میں بعد میں مربوط کرنے کی کوشش کریں

**میرا فون انٹرنیٹ سے مربوط نہیں ہوسکتا**

- چیک کریں کہ IMEI نمبر (#06#* دبائیں) بالکل وہی ہے جو آپ کے وارنٹی کارڈ یا باکس پر چھپا ہے۔
- اسے یقینی بنائیں کہ آپ کے SIM کارڈ کی انٹرنیٹ رسائی والی سروس دستیاب ہے۔
- اپنے فون کی انٹرنیٹ سے مربوط ہونے کی سیٹنگز چیک کریں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ نیٹ ورک کوریج والی جگہ پر ہیں۔
- بعد میں کسی وقت یا دیگر مقام سے مربوط ہونے کی کوشش کریں۔

**غلط SIM کارڈ**

- یقینی بنائیں کہ SIM کارڈ درست طریقے سے داخل ہو ("**SIM کارڈ داخل کرنا**" دیکھیں)۔
- اسے یقینی بنائیں کہ آپ کے SIM کارڈ پر موجود چپ نقصان یا خراش زدہ نہیں ہے۔
- اسے یقینی بنائیں کہ آپ کے SIM کارڈ کی خدمات دستیاب ہیں۔

**باہر جانے والی کالیں کرنے سے قاصر**

- یقینی بنائیں کہ آپ نے صحیح نمبر ڈائل کیا ہے اور کو چھوا ہے۔
- بین الاقوامی کالوں کے لیے، ملک اور علاقے کا کوڈ دیکھیں۔
- یہ یقینی بنائیں کہ فون نیٹ ورک سے جڑا ہوا ہے، اور نیٹ ورک پر حد سے زیادہ بوجھ نہیں ہے یا یہ دستیاب نہیں ہے۔
- اپنے آپریٹر کے ساتھ اپنے سبسکرپشن کی صورتحال چیک کریں (کریڈٹ، SIM کارڈ کے جائز ہونے کی حالت، وغیرہ)۔
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے باہر جانے والی کالوں پر بندش نہیں لگائی ہے۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کا فون فلائٹ موڈ میں نہیں ہے۔

**آنے والی کالیں موصول کرنے سے قاصر**

- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا فون سوئچ آن ہے اور نیٹ ورک سے مربوط ہے (حد سے زیادہ لوڈ والے یا غیر دستیاب نیٹ ورک کو چیک کریں)۔
- اپنے آپریٹر کے ساتھ اپنے سبسکرپشن کی صورتحال چیک کریں (کریڈٹ، SIM کارڈ کے جائز ہونے کی حالت، وغیرہ)۔
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے آنے والی کالوں کو فارورڈ نہیں کیا ہے۔
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے بعض کالوں پر بندش نہیں لگائی ہے۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کا فون فلائٹ موڈ میں نہیں ہے۔

**کال موصول ہونے پر کال کرنے والے کا نام/نمبر ظاہر نہیں ہوتا ہے**

- چیک کریں کہ آپ نے اپنے آپریٹر سے یہ سروس سبسکرائب کی ہے۔
- آپ کو کال کرنے والے نے اپنا نام یا نمبر چھپا لیا ہے۔

**میں اپنے رابطے تلاش نہیں کرسکتا**

- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا SIM کارڈ ٹوٹا ہوا نہیں ہے۔
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا SIM کارڈ ٹھیک طرح سے لگا ہوا ہے۔
- SIM کارڈ میں ذخیرہ کردہ تمام روابط فون میں درآمد کریں۔

**کالوں کی آواز کا معیار خراب ہے**

- **کال کے دوران آپ والیوم اپ/ڈاؤن** کلید کو دباکر والیوم کو موافق بنا سکتے ہیں۔
- نیٹ ورک کی قوت چیک کریں ◢۔
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے فون کا ریسیور، کنیکٹر یا اسپیکر صاف ہے۔

**میں دستی رہنما میں بیان کردہ خصوصیات کو استعمال کرنے سے قاصر ہوں**

- یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے آپریٹر سے معلوم کریں کہ آپ کے سبسکرپشن میں یہ سروس شامل ہے۔
- یہ یقینی بنائیں کہ اس خصوصیت کے لیے ALCATEL ون ٹچ لوازمہ کی ضرورت نہیں ہے

**جب میں اپنے رابطے سے نمبر منتخب کرتا ہوں تو، نمبر کو دوبارہ ڈائل نہیں کیا جا سکتا ہے۔**

- یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے اپنی فائل میں درست نمبر ریکارڈ کیا ہے
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے غیر ملک میں کال کرتے وقت اس ملک کے لیے سابقہ والا کوڈ منتخب کیا ہے

**میں اپنے رابطوں میں ملک کا کوڈ شامل کرنے سے قاصر ہوں**

- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے SIM کارڈ رابطے بھرے ہوئے نہ ہوں؛ کچھ فائلوں کو حذف کریں یا فائلوں کو فون کے رابطوں میں محفوظ کریں (جیسے آپ کے پروفیشنل یا شخصی ڈائرکٹریاں)۔

**مجھے کال کرنے والےمیرے صوتی میل پر پیغام بھیجنے سے قاصر ہیں**

- خدمت کی دستیابی چیک کرنے کے لیے اپنے نیٹ ورک آپریٹر سے رابطہ کریں۔

**اپنے اکاونٹ کو استعمال نہیں کر سکتا**

- یہ یقینی بنائیں کہ"صوتی میل نمبر" میں آپ کے آپریٹر کا صوتی میل نمبر درست طریقے سے درج ہے۔
- اگر نیٹ ورک مصروف ہو تو بعد میں کوشش کریں۔

**میں MMS بھیجنے اور وصول کرنے سے قاصر ہوں**

- اپنے فون میموری کی دستیابی چیک کریں کیونکہ یہ بھرا ہوا ہوسکتا ہے۔
- خدمت کی دستیابی کے جانچ کے لیے اپنے نیٹ ورک آپریٹر سے رابطہ کریں اور MMS پیرامیٹرز چیک کریں۔
- اپنے آپریٹر کے ساتھ اپنے سرور سنٹر نمبر یا اپنے MMS پروفائل کی تصدیق کریں
- سرور سینٹر مصروف بھی ہو سکتا ہے، بعد میں دوبارہ شروع کریں۔

**SIM کارڈ PIN لاک ہے۔**

- اپنے نیٹ ورک آپریٹر سے PUK کوڈ (ان بلاک کرنے کا ذاتی کوڈ) حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں

**میں اپنے فون کو اپنے کمپیوٹر سے جوڑنے سے قاصر ہوں**

- اسمارٹ سوئٹ انسٹال کریں۔
- چیک کریں کہ آپ کے USB ڈرائیوز ٹھیک طرح سے انسٹال ہیں۔
- نوٹیفکیشن پینل کھولیں یہ دیکھنے کے لئے کہ اسمارٹ سوئٹ ایجنٹ فعال کیا گیا ہے۔
- چیک کریں کہ آپ کا کمپیوٹر اسمارٹ سوئٹ کے انسٹالیشن کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔
- یقینی بنائیں کہ آپ باکس میں شامل کیبل کا ہی استعمال کر رہے ہیں۔

**میں نئی فائلیں ڈاؤن لوڈ کرنے سے قاصر ہوں**

- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے فون میں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے کافی میموری ہے۔
- اپنے آپریٹر کے ساتھ اپنے سبسکرپشن کی صورتحال چیک کریں۔

**بلوٹوتھ سے کسی دیگر فرد کے ذریعہ فون کا پتہ نہیں لگایا جاسکتا**

- اسے یقینی بنائیں کہ آپ کا بلوٹوتھ آن ہے اور آپ کا فون دیگر صارفین کے لیے مرئی ہے۔
- اسے یقینی بنائیں کہ دو فون بلیوٹوتھ کے کھوج کی حد میں ہیں۔

**اپنی بیٹری دیرپا بنائیں**

- یہ یقینی بنائیں کہ آپ مکمل چارج کریں (کم از کم ۳ گھنٹے)
- جزوی چارج ہونے کے بعد، بیٹری کی سطح کا اشاریہ درست نہیں بھی ہوسکتا ہے۔ درست اشاریہ کے لیے چارجر ہٹانے کے بعد کم از کم ۲۰ منٹ تک انتظار کریں
- حسب مناسب اسکرین کی چمک کو موافق بنائیں۔
- ای میل کے خودکار چیک کے وقفہ کو ممکنہ حد تک پھیلائیں۔
- اپنی ضرورت کے لحاظ سے خبریں اور موسم کی معلومات اپ ڈیٹ کریں، یا اس کے خودکار چیک کے وقفہ کو بڑھائیں۔
- پس منظر میں چل رہے اپلیکیشنز لمبے وقت تک استعمال نہیں ہوتا ہے تو اس سے باہر نکلیں۔
- استعمال میں نہ ہونے پر، بلوٹوتھ، Wi-Fi، یا GPS کو غیر فعال کریں۔

**طویل وقفے کے کال، گیم کھیلنے، انٹرنیٹ سرف کرنے یا دیگر پیچیدہ اپلیکیشنز چلانے کے بعد فون گرم ہوجائے گا۔**

- گرم ہونا CPU کے ذریعہ بہت زیادہ ڈیٹا کے استعمال کرنے کا عام نتیجہ ہے۔ مذکورہ بالا عوامل کے ختم ہوجانے پر آپ کا فون عام درجہ حرارت پر واپس آجائے گا۔

ALCATEL الکاٹیل-لیوسینٹ کا ایک ٹریڈ مارک ہے اور اسے TCL کمیونیکیشنز لمیٹڈ کے ذریعہ لائسنس کے تحت استعمال کیا جاتا ہے۔

© کاپی رائٹ ۲۰۱۶ TCL کمیونیکیشن لمیٹڈ
جملہ حقوق محفوظ

TCL کمیونیکیشنز لمیٹڈ کے پاس میٹریل اور تکنیکی تخصیصات میں بغیر پیشگی نوٹس کے ترمیم کرنے کا حق محفوظ ہے۔